مذہبی عدم برداشت

والدین، نگرانوں اور طالبعلموں کے لیے معلومات

ہمارا عزم

ڈیپارٹمنٹ طالبعلموں، ان کے گھرانوں اور سکول کمیونٹی کے تہذیبی، لسانی، مذہی اور روحانی تنوّع کو تسلیم کرتا ہے اور اس کی قدر اور احترام کرتا ہے۔ ہم NSW کے پبلک سکولوں میں ہر قسم کے امتیازی سلوک کے خاتمے کا عزم رکھتے ہیں۔

مذہبی عدم برداشت سے کیا مراد ہے؟

مذہبی عدم برداشت کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص دوسروں کے مذہب، عقیدے، نظریے یا روحانیت کی وجہ سے ان کے ساتھ برا یا غیر منصفانہ رویّہ دکھائے یا ان کے ساتھ دوسروں سے فرق سلوک کرے۔

طالبعلم مذہبی عدم برداشت کی رپورٹ کیسے کر سکتے ہیں

جن طالبعلموں کو مذہبی عدم برداشت کا تجربہ ہو، انہیں کسی استاد یا سکول کے عملے کے رکن کو اس کی رپورٹ کرنی چاہیے۔ طالبعلم سکول کی ویب سائیٹ پر دی گئی رابطہ تفصیلات کو استعمال کر کے سکول کو فون یا ای میل بھی کر سکتے ہیں۔

کبھی کبھار مذہبی عدم برداشت میں نسل کا پہلو بھی شامل ہوتا ہے۔ نسلی تعصّب کی رپورٹ سکول کے عملے کے کسی بھی رکن یا سکول میں نسلی تعصّب کے خلاف کانٹیکٹ آفیسر (Anti-Racism Contact Officer) کو دی جانی چاہیے۔ مزید معلومات کے لیے نسلی تعصّب کی رپورٹس (Reports of racism) اور نسلی تعصّب کے خلاف پالیسی (Anti-racism policy) کے صفحات دیکھیں۔

طالبعلموں کے لیے کیا مدد دستیاب ہے؟

مذہبی عدم برداشت کا تجربہ ہونے یا ایسے واقعات دیکھنے سے طالبعلموں پر برا اثر پڑ سکتا ہے۔ طالبعلموں کے لیے معلومات اور خدمات مندرجہ ذیل ویب سائیٹس پر دستیاب ہیں:

- طالبعلموں کے لیے ذہنی صحت میں مدد (Mental health support for students)
- طالبعلموں کے درمیان بلنگ روکنے کے متعلق صفحات (Student anti-bullying pages)

والدین، نگران اور کمیونٹی کے ارکان مذہبی عدم برداشت کی رپورٹ کیسے کر سکتے ہیں

والدین، نگران اور کمیونٹی کے لوگ اپنی طرف سے یا طالبعلم سے اجازت لے کر طالبعلم کی طرف سے مذہبی عدم برداشت کی رپورٹ کر سکتے ہیں۔

یہ رپورٹ اس سکول کو کی جانی چاہیے جہاں مذہبی عدم برداشت کا واقعہ ہوا۔ والدین اور نگران خود آ کر یا سکول کی ویب سائیٹ پر دی گئی رابطہ تفصیلات کو استعمال کر کے سکول کو فون یا ای میل پر بھی رپورٹ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو سکول سے رابطہ کرنے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد درکار ہو تو 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں اور آپریٹر کو اپنی مطلوبہ زبان اور وہ فون نمبر بتائیں جہاں آپ کال کرنا چاہتے ہیں۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

والدین کے لیے کیا مدد دستیاب ہے؟

والدین کے لیے معلومات اور مدد مندرجہ ذیل ویب سائیٹس پر دستیاب ہیں:

- ذہنی صحت اور اچھی زندگی کے لیے مدد (Mental health and wellbeing support)
- والدین کے لیے کیا مدد دستیاب ہے؟ (What support is available to parents?)

مزید اقدامات

مزید مدد لینے کے لیے یا اگر آپ کے خیال میں عدم برداشت پورے سسٹم میں عام ہے تو 1300 679 332 پر 'مذہبی عدم برداشت کی ہیلپ لائن' سے رابطہ کریں اور آپریٹر کو بتائیں کہ آپ مذہبی عدم برداشت کے سلسلے میں کال کر رہے ہیں۔ اگر آپ کو انگلش کے لیے مدد کی ضرورت ہو تو ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو استعمال کریں۔ ہیلپ لائن:

- متعلقہ پالیسیوں اور طریق کار کے متعلق معلومات دے سکتی ہے
- رپورٹیں متعلقہ شعبوں کو بھیج سکتی ہے
- مناسب امدادی خدمات تجویز کر سکتی ہے
- رپورٹوں کے منصفانہ تصفیے تلاش کر سکتی ہے۔

شکایت کرنے کے لیے

طالبعلم، والدین یا نگران ترجمہ شدہ شکایت کرنے کے لیے مختصر ریفرنس گائیڈ (quick reference guide for making a complaint) میں درج مراحل پر عمل کر کے شکایت کر سکتے ہیں۔ ترجمہ شدہ سپّورٹ پرسنز اور ایڈووکیٹس (support persons and advocates) صفحے پر شکایات کے متعلق مزید معلومات پڑھیں۔

ڈیپارٹمنٹ کی متعلقہ پالیسیاں

- نسلی تعصّب کے خلاف پالیسی (Anti-racism policy)
- ملٹی کلچرل تعلیمی پالیسی (Multicultural education policy)
- طالبعلموں کے طرز عمل کی پالیسی (Student behaviour policy)